# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date : 06 August 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

# آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۶/ اگست ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

**پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...**

☆ **وزیر اعلیٰ میری لاڈلی بہن یوجنا کے پالیسی فیصلے میں مداخلت سے ممبئی عدالتِ عظمیٰ کا انکار**

☆ **سیلاب کا خطرہ ہمیشہ کے لیے ختم کرنے کے مقصد سے نیا منصوبہ بنایا جائے گا' وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے کا اعلان**

☆ **تکنیکی دشواریوں کے باعث راشن دکانداروں نے کی ای پوس مشنین کی مخالفت**

**اور**

☆ **پیرس اولمپک میں بیڑ کے اویناش سابڑے 3/ ہزار میٹر اسٹیپل چیس کے آخری راؤنڈ میں' مردوں کی ہاکی ٹیم آج سیمی فائنل میں جرمنی کی ٹیم سے مقابلہ کرے گی**

**اب خبریں تفصیل سے...**

ممبئی عدالتِ عظمیٰ نے ریاستی حکومت کی وزیر اعلیٰ میری لاڈلی بہن یوجنا کے پالیسی فیصلے میں مداخلت کرنے سے انکار کر دیا ہے۔خیال رہے کہ ممبئی کے ایک چارٹرڈ اکاؤنٹنٹ ناوید مُلا نے اِس کی مخالفت میں ممبئی عدالتِ عظمی میں مفاد عامہ کی عرضی داخل کی تھی۔اُن کا کہنا تھا کہ یہ یوجنا ٹیکس دہندگان کے پیسوں کا نامناسب استعمال ہے۔ اِس پر عدالت نے کہا کہ یہ یوجنا حکومت کی جانب سے بجٹ میں لیا گیا فیصلہ ہے۔اِسے چیلنج نہیں کیا جا سکتا۔ عدالت کے اِس فیصلے کے بعد آئندہ 14/ تاریخ کے روز اس یوجنا کے تحت جاری کی جانے والی پہلی قسط کی راہ ہموار ہوگئی ہے۔

اِسی دوران وزیر اعلیٰ میری لاڈلی بہن یوجنا کی مخالفت میں داخل کی گئی عرضی مسترد کرنے پر خواتین و بہبود اطفال کی وزیر ادیتی تٹکرے نے ممبئی عدالتِ عظمی کا شکریہ ادا کیا ہے۔اپنے ٹوئیٹ پیغام میں انھوں نے کہا کہ عدالت کے اِس فیصلے سے وزیر اعلیٰ میری لاڈلی بہن یوجنا کی معتبریت مزید بڑھ گئی ہے۔

***** ***** *****

خواتین بچت گروپوں کے لیے یشس وِنی ای کامرس پلیٹ فارم کا افتتاح کل خواتین و بہبودِ اطفال کی وزیر ادیتی تٹکرے کے ہاتھوں آن لائن طریقے سے کیا گیا۔ اِس موقعے پر انھوں نے کہا کہ خواتین بچت گروپوں کی مصنوعات کی فروخت کے لیے یہ پلیٹ فارم مہیا کیا گیا ہے ۔ محترمہ تٹکرے نے کہا کہ اِس پلیٹ فارم کے سبب خواتین بچت گروپوں کی اقتصادی ترقی کو نئی راہ ملے گی ۔

***** ***** *****

مرکزی وزیرِ زراعت شیوراج سنگھ چوہان نے بتایا ہے کہ فصلوں کی نقصان بھرپائی ادا کرنے کے عمل کا ڈیجی ٹائزیشن کیا جائے گا۔ وہ کل ایوانِ بالا یعنی راجیہ سبھا میں بول رہے تھے۔ وزیرِ موصوف نے بتایا کہ کاشتکاروں کو آدھار کی بنیاد پر ڈیجیٹل شناختی کارڈ دیے جائیں گے۔ انھوں نے بتایا کہ ہر سال فصل اُگنے کے بعد اُس کی تصویر محفوظ کر لی جائے گی اور نقصان ہونے کی صورت میں مستحق کاشتکاروں کو نقصان بھرپائی دی جائے گی۔ جناب شیوراج سنگھ چوہان نے مزید بتایا کہ کاشتکاروں کے مفاد میں متعدد شعبہ جات کی جانب سے اقدام کیے جا رہے ہیں۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے نے کہا ہے کہ سیلاب کا خطرہ ہمیشہ کے لیے ختم کرنے کے مقصد سے نیا منصوبہ تیار کیا جائے گا۔ وہ کل پونہ میں سیلاب سے متاثرہ علاقوں کا معائنہ کرنے کے بعد اظہارِ خیال کر رہے تھے۔ اِس موقعے پر وزیرِ اعلیٰ نے مزید بتایا کہ سیلاب سے متاثرہ گھروں کی بحالی کے لیے قوانین و قواعد میں ترمیم کی جائے گی۔ اِس دوران وزیرِ اعلیٰ کے ہاتھوں سیلاب متاثرین میں زندگی کے لیے لازمی اشیاء بھی تقسیم کی گئی۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر ضلعے کے پیٹھن میں واقع ناتھ ساگر ڈیم کی سطحِ آب 1500 رفیٹ سے تجاوز کر گئی ہے۔ موصولہ خبر میں بتایا گیا ہے کہ ڈیم میں استعمال کے لیے تیار پانی کی ذخیرہ 323ر اعشاریہ 188 رمیلین کیوبِک فٹ ہو چکا ہے۔ ڈیم میں فی الحال 66رہزار 367 رکیوبک فٹ فی سیکنڈ کی رفتار سے پانی کی آمد جاری ہے ۔

***** ***** *****

راشن دکانداروں نے ای پوس مشین کی مخالفت میں کل متعدد علاقوں میں احتجاج کیا۔ اِس سلسلے میں جالنہ شہر کے راشن دکانداروں نے تحصیل دفتر میں ای پوس مشینیں جمع کروادی۔ دکانداروں کا کہنا ہے کہ انٹرنیٹ میں بار بار خلل پڑنے کی وجہ سے دکاندار اور گاہکوں میں تنازعہ ہوتا ہے۔ اِس موقعے پر دکانداروں نے آف لائن طریقے سے راشن فروخت کرنے کی اجازت دینے کا بھی مطالبہ کیا۔ اِسی طرز پر منٹھا ' بدناپور اور پرتور کے راشن دکانداروں نے بھی ای پوس مشینیں انتظامیہ کو واپس کردی۔

چھترپتی سنبھاجی نگر میں بھی راشن دکانداروں نے ای پوس مشین کا علامتی جنازہ نکالا۔ دکانداروں نے انٹرنیٹ میں باربار خلل پڑنے کی شکایت کرتے ہوئے آف لائن طریقے سے راشن فروخت کرنے کی اجازت دینے کا مطالبہ کیا۔

اِسی طرح پربھنی شہر کی راشن دکانداروں کی تنظیم نے بھی کل ضلع کلکٹر دفتر کے سامنے احتجاج کیا۔

***** ***** ***** ***** ***** *****

## یہ خبریں آ کا شوانی چھترپتی سنبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں

***** ***** ***** ***** ***** *****

معذوروں کے فلاحی شعبہ کے صدرنشین ' رکن اسمبلی بچوکڑو نے بتایا کہ پوجا کھیڈکر معاملے کے بعد ہمیں ریاست بھر سے ڈیڑھ سوافراد کی فہرست موصول ہوئی ہے جنھوں نے معذوری کے جعلی سرٹیفکیٹ حاصل کیے ہیں۔ انھوں نے بتایا کہ ہم نے یہ فہرست حکومت کو اِرسال کردی ہے۔ وہ کل ہنگولی ضلعے کے کلمنوری میں کاشتکاروں اور کارکنان کے اجلاس کے بعد صحافیوں سے مخاطب تھے۔ جناب بچوکڑو نے بتایا کہ آئندہ اسمبلی انتخاب میں وہ کاشتکاروں اور زرعی مزدوروں کے مسائل کو موضوع بنائیں گے ۔

***** ***** *****

بیڑ کے اویناش سابڑے نے پیرس اولمپک میں 3/ ہزار میٹر اسٹیپل چیس مقابلے کے آخری راؤنڈ میں داخلہ حاصل کرلیا ہے۔ اِس راؤنڈ میں پہنچنے والے وہ پہلے بھارتی کھلاڑی ہیں۔ یہ مقابلہ آئندہ 8/ تاریخ کے روز کھیلا جائے گا۔ ٹیبل ٹینس میں بھی بھارت کی منیشا بترا ' شری جاکولا اور ارچنا کامت کی ٹیم نے کوارٹر فائنل میں داخلہ حاصل کیا۔ یہ مقابلہ آج کھیلا جائے گا۔ پیرس اولمپک میں ہاکی کے سیمی فائنل میں آج بھارت کی ٹیم جرمنی کے خلاف کھیلے گی۔ اِسی طرح نیزہ باز نیرج چوپرا پہلے راؤنڈ کے لیے میدان میں اُتریں گے۔ خواتین کُشتی میں بھی بھارت کی وِنیش پھوگاٹ اپنی مہم کا آغاز کریں گی۔ اِس سے قبل بیڈمنٹن میں کانسے کے تمغے کے لیے ہوئے مقابلے میں بھارت کے لکشیہ سین کو شکست کا سامنا کرنا پڑا۔

***** ***** *****

راشٹروادی کانگریس پارٹی آئندہ 8؍تاریخ کے روز ناسک کے دنڈوری سے ''جن سنمان یاترا '' نکالے گی۔ پارٹی کے ریاستی صدر سُنیل تٹکرے نے کل صحافتی کانفرنس میں یہ بات بتائی۔ انھوں نے بتایا کہ پہلے مرحلے میں یہ یاترا شمالی مہاراشٹر ' مغربی مہاراشٹر ' ممبئی اور وِدربھ کا دورہ کرے گی۔ جناب سُنیل تٹکرے نے بتایا کہ اِس جن سنمان یاترا کا پہلا مرحلہ 31؍تاریخ کو ختم ہوگا۔

***** ***** *****

لاتور میں وزیر اعلیٰ میری لاڈلی بہن یوجنا کے تحت موصولہ درخواستیں کی چھان بین کا کام جاری ہے۔ اِس کے لیے تعلقہ سطح پر چھان بین کیمپ کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔ اِسی دوران لاتور ضلع کلکٹر ورشا ٹھاکر گھوگے نے لاتور پنچایت سمیتی میں منعقدہ کیمپ کا دورہ کر کے مذکورہ درخواستوں کی چھان بین کا عمل تیزی سے انجام دینے کی ہدایت دی۔

اِسی دوران '' میرا لاتور سرسبز لاتور مہم '' کے تحت لاتور تعلقے میں ناگ زری گرام پنچایت کی جانب سے ضلع کلکٹر کی موجودگی میں 51؍پودے لگائے گئے۔

***** ***** *****

سابق وزیر سُریش دھس نے دودھ میں ملاوٹ کرنے والوں کے خلاف مکوکا قانون کے تحت کارروائی کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ وہ کل بیڑ ضلعے کے آشٹی میں صحافیوں سے اظہار خیال کر رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ حکومت کو چاہیے کہ وہ ریاست بھر میں دودھ دینے والے جانوروں سے یومیہ کتنا دودھ نکلتا ہے اِس کا سروے کروائیں۔ جس سے دودھ میں ملاوٹ کو روکا جا سکے گا۔

***** ***** *****

چھترپتی سنبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن کے منتظم جی شری کانت کی ترغیب پر ''ایک گھنٹہ شہر کے لیے '' نامی صفائی مہم چلائی جا رہی ہے۔ اِس مہم کے دوران کل پیٹھن گیٹ سے گلمنڈی علاقے کی صفائی کی گئی۔ اِس مہم میں پھیری والے اور رکشہ ڈرائیوروں سمیت متعدد تنظیموں کے اراکین نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلعے میں آئندہ ستمبر سے دسمبر مہینے کے دوران جانورشماری کی جائے گی۔ اِس کے لیے ضلعے میں 111 رشمارکنندہ اور 26 ر سوپر وائزرس کا تقرر کرنے کا عمل جاری ہے۔شعبہ مویشیان نے دھاراشیو کے کاشتکاروں اور گوالوں سے تعاون کرنے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

**آخر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...**

☆ **وزیر اعلیٰ میری لاڈلی بہن یوجنا کے پالیسی فیصلے میں مداخلت سے ممبئی عدالتِ عظمیٰ کا انکار**

☆ **سیلاب کا خطرہ ہمیشہ کے لیے ختم کرنے کے مقصد سے نیا منصوبہ بنایا جائے گا' وزیر اعلیٰ ایکناتھ شندے کا اعلان**

☆ **تکنیکی دشواریوں کے باعث راشن دکانداروں نے کی ای پوس مشنین کی مخالفت**

**اور**

☆ **پیرس اولمپک میں بیڑ کے اویناش سابڑے 3 ر ہزار میٹر اسٹیپل چیس کے آخری راؤنڈ میں'**
**مردوں کی ہاکی ٹیم آج سیمی فائنل میں جرمنی کی ٹیم سے مقابلہ کرے گی**

**علاقائی خبریں ختم ہوئیں**

**آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینلAIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

☆☆☆